**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 09-10-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ نبی ﷺ کے یوم ولادت پر اتحاد واتفاق کا عزم کرنے کی ضرورت ہے، عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔ حضور کی تعلیمات پر عمل سے ملک کو امن وسلامتی کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے، مشیر داخلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ نورخان خلجی کی پی ٹی آئی میں شمولیت خوش آئند ہے، مبین خلجی | سینچری ودیگر اخبارات |
| 4۔ آپ ﷺ کی اطاعت دونوں جہانوں میں کامیابی کی کنجی ہے، صوبائی وزیر | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔ علاقے کی ترقی وخوشحالی پائیدار امن واستحکام ضروری ہے، کمانڈر کور 12 | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔ پروپیگنڈہ میں صداقت نہیں سیلاب متاثرین کو طبی امداد سہولیات فراہم کی جاہی ہیں، محکمہ صحت | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔ سبی ہسپتال کے مریضوں کو تیار کھانے کی فراہمی، آئی ایس پی آر | سینچری ودیگر اخبارات |
| 8۔ آرمی ایف سی اور پی ڈی ایم اے کے طبی کیمپوں میں 5416 مریضوں کا اعلاج | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔ عوام کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی ذمہ داری ہے، ڈی آئی جی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔ سی پیک توانائی منصوبوں میں 46 ہزار سے زائد ملازمتیں فراہم کی گئیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔ ریکوڈک کرپشن ملزمان کی ضمانتوں کا بلوچستان ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔ کراچی کوئٹہ چمن شاہراہ کو دورویہ کرنے کی منظوری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13۔ وڈھ سیکورٹی حکام کے چھاپے 20 مراکز پر جرمانے عائد | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔ کوئٹہ میٹروپولیٹن انتظامیہ کے ملازمین کے ساتھ کامیاب مذاکرات احتجاج تنخواہوں وپنشن کی ادائیگی کا فیصلہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15۔ بلوچستان کے 3 اضلاع سے ڈینگی کے مزید 62 کیسز رپورٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16۔ عیدامیلادالنبی ﷺ کے جلوس کا سیکورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا | سچری ودیگر اخبارات |
| 17۔ 12 ربیع الاول کے جلوس کی سیکورٹی سے متعلق اجلاس سادہ لباس میں بھی اہلکار تعینات ہونگے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19۔ گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں مقامی نوجوانوں کے معاشی حقوق کو تحفظ دینا ہوگا، مالک بلوچ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 20۔ پی این پی کے تحت شہداء عالموچوک کی برسی پر کل جلسہ ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

ہرنائی سے لیویز کو مطلوب ملزم گرفتار، رمضان قتل کیس 14 ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر گڈانی جیل منتقل کرنے کا حکم، سریاب روڈ کے رہائشیوں نے چور پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا، کوئٹہ سریاب روڈ پر دھماکہ 4 افراد زخمی مشیر داخلہ کا نوٹس رپورٹ طلب

## عوامی مسائل

کوئٹہ میں مہنگائی کا جن بے قابو آٹا گھی تیل سبزیاں مہنگی ہوگئیں عوام بے حال، فقیر محمد روڈ چوک کا ویٹرنری ہسپتال راتوں رات غائب، فقیر محمد روڈ چوک پر بد ترین ٹریفک جام شہری پریشان،

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 09-10-2022

## اداریہ

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**سیاسی بے چینی اور معاشی مسائل عوام کو خبر لین** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز جمعیت علماء اسلام اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے ارکین صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی اور ثناء بلوچ سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ نہ صرف صوبے میں جاری امداد و بحالی سرگرمیوں کو تیز تر کرکے متاثرین کی بھرپور داد رسی کی جائے گی بلکہ انہوں نے صوبے کی معیشت اور معاشرت کے استحکام اور ترقی کیلئے صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کا بھی عزم ظاہر کیا اور اس ضمن میں ایران کے ساتھ تجارتی راہداریاں کھولنے کی بات انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت میں اضافہ ان کی حکومت کی اولین ترجیح ہے تاکہ سرحدی علاقوں کے لوگوں کے گھروں چولہے روشن رہیں ضلع واشک میں ایران کے ساتھ تجارت کی مزید دو راہداریوں کو جلد کھول دیا جائے گا نئی تجارتی راہداریاں کھلنے سے واشک اور خاران کے عوام کو فائدہ پہنچے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرحدی تجارتی راہدریوں میں اضافے سے عوام کو تجارت کی سہولیات اور روزمرہ کی اشیاء ضرورت کی فراہمی ممکن ہوگی انہوں نے کہا کہ کمشنر مکران اور کمشنر رخشاں ڈویژن کو سرحدی تجارت میں اضافہ اور سرحدوں پر نرمی برتنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ تجارت سے وابستہ مقامی لوگوں کے روزگار کو تحفظ مل سکے۔ سب سے پہلے تو ہم وزیراعلیٰ بزنجو کے عزم کو سراہتے ہیں اور ساتھ ہی اس اُمید کا بھی اظہار کرتے ہیں کہ وہ ظاہر کئے گئے عزم کو سراہتے ہیں اور عزم کے عین مطابق صوبے میں تجارت کے فروغ کیلئے وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔ اس حوالے سے نئے قوانین میں نرمی لاکر تجارت کا حجم بڑھانے کیلئے کوشاں ہیں ہمیں بھی اس حوالے سے نئے مجموعی طور پر وزیراعلیٰ کا وژن اور عزم قابل ستائش ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ پاک ایران اور پاک افغان سرحد پر تجارت کے فروغ و بڑھوتری کے حوالے سے وفاق سے رابطہ کریں محض خاران یا واشک میں راہداری سے صوبے کی مجموعی معیشت اور معاشرت بہتر نہیں ہوسکتی۔

## اداریہ

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Dont consider outlandish or Marian" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " Water scarcity in Balochistan " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 09 OCT 2022 Page No. 1

## کراچی کوئٹہ چمن روڈ کو دو رویہ بنانے کی منظوری قابل ستائش ہے، قدوس بزنجو

### اس کی تکمیل سے ٹریفک حادثات اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنا ممکن ہوگا، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے کراچی کوئٹہ چمن روڈ کی بحالی اور اسے دو رویہ کرنے کے منصوبے کی منظوری دینے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے عوام کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے جس کی تکمیل سے نہ صرف ٹریفک حادثات اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنا ممکن ہوگا بلکہ عوام کو سفر کی بہتر سہولت بھی مل سکیں گی وزیراعلیٰ نے منصوبے کی منظوری پر خاص طور سے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نے ہماری درخواست اور منصوبے کی اہمیت کو مدنظر رکھتے اسے اپنی ترجیحات میں شامل کیا وزیراعظم جس طرح سے بلوچستان کے ترقیاتی امور میں دلچسپی لیتے ہوئے عملی اقدامات یقینی بنا رہے ہیں وہ ہمارے لئے باعث حوصلہ و تقویت ہے اور بلوچستان کے عوام وزیراعظم کی دلچسپی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ تقریباً 75ارب روپے کی خطیر لاگت کا یہ منصوبہ بلوچستان میں معاشی اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافے کی بنیاد ثابت ہوگا۔

## نبی ﷺ کے یوم ولادت پر اتحاد و اتفاق کا عزم کرنے کی ضرورت ہے، قدوس بزنجو

### ہمیں اسوہ حسنہ کی مکمل پیروی کرتے ہوئے اپنے اندر اتحاد، عفو و درگزر، برداشت، مذہبی رواداری کو مزید فروغ دینا چاہیے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے یوم ولادت النبی ﷺ کے مبارک موقع پر تمام مسلمانوں کو مبارکباد پیش کی ہے، اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ آج کا دن صرف مسلمانوں کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری کائنات اور انسانیت کے لئے عظیم دن ہے کہ آج حضرت محمد ﷺ رحمت اللعالمین بن کر اس دنیا میں تشریف لائے اور ان کی آمد سے دنیا سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کی ابتدا ہوئی، اس مبارک دن پر نبی ﷺ کے اسوہ حسنہ کی عمل پیروی، اتحاد و اتفاق اور برداشت کا جذبہ پیدا کرنے کے عزم کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دن مسلمانوں کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے اور یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہم اس ہستی کے امتی ہیں جسے خالق کائنات نے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا، انہوں نے کہا کہ امتی ہونے کے ناطے ہمیں اسوہ حسنہ کی عمل پیروی کرتے ہوئے اپنے اندر اتحاد، عفو و درگزر، برداشت، مذہبی رواداری جیسے اوصاف کو مزید فروغ دینا چاہیے، انہوں نے کہا کہ حضور ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور حقیقی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ممکن ہو سکتی ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم سیرت النبی ﷺ اور سنت رسول ﷺ پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں اور اس وقت امت مسلمہ کو جن مشکلات و مصائب کا سامنا ہے ان سے حضور ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی نمٹا جا سکتا ہے، وزیراعلیٰ نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھے رستے پر چلنے اور اپنی زندگیاں حضور ﷺ کے بتائے ہوئے ضابطہ حیات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے، اور پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی مملکت اور ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بنا دے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 09 OCT 2022 Page No. 2

## حضور کی تعلیمات پر عمل سے ملک کو امن وسلامتی کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے، مشیر داخلہ

### امت مسلمہ اس عظیم ہستی کا یوم ولادت منا رہی ہے جس نے جہالت میں ڈوبے عرب معاشرے کو یکسر بدل دیا تھا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے قوم کو عید میلاد النبیؐ کے موقع پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج امت مسلمہ اس عظیم ہستی کا یوم ولادت منا رہی ہے جس نے اپنے کردار اور حسن اخلاق سے جہالت میں ڈوبے عرب معاشرے کو یکسر بدل دیا۔ مشیر داخلہ میر ضیاء نے کہا کہ نبی آخرالزماں حضرت محمدؐ کی تعلیمات کی پیروی کرکے پاکستان کو امن وسلامتی کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے ایا انہوں نے کہا کہ محسن انسانیت نبی اکرمؐ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہوکر ملک میں محبت، امن، ہم آہنگی اور بھائی چارے کے جذبات کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ آپؐ نے مثالی فلاحی ریاست اور رول ماڈل معاشرہ قائم کیا۔ صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں عشرہ شان رحمت للعالمینؐ پوری عقیدت اور احترام سے منایا جارہا ہے آج کے دن ہمیں حضورؐ کی تعلیمات پر عمل کرنے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پرمسرت موقع پر ملک کی ترقی، سلامتی، استحکام اور سیلاب زدگان کے لئے خصوصی دعائیں کی جائیں گی۔

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کوئٹہ سریاب روڈ پر دستی بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے متعلقہ حکام سے کہا کہ واقعے کے تمام پہلو سے جائزہ لے کر رپورٹ پیش کریں۔ مشیر داخلہ میر ضیا کا کہنا تھا کہ چند دشمن عناصر ایسے بزدلانہ حملے کر کے بلوچستان کے امن و خوشحالی کو سبوتاژ نہیں کر سکتے سکیورٹی فورسز جان کی قربانی دے کر دشمنوں کے عزائم ناکام بنائیں گے۔ مشیر داخلہ نے محکمہ صحت کے حکام کو دھماکہ کے زخمیوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات بھی کی مشیر داخلہ میر ضیاء نے حملے میں زخمی افراد کی مکمل اور جلد صحت یابی کیلئے دعا۔

MASHRIQ QUETTA

## آپ ﷺ کی اطاعت دونوں جہانوں میں کامیابی کی کنجی ہے، صوبائی وزیر اریگیشن

### حضور ﷺ سے محبت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ، آپ ﷺ نے قبائلی عصبیت وقومیت کے بت فاش فاش کردیا: محمد خان لہڑی

### ہم حضرت محمد ﷺ کے امتی اس لئے آج کے دن رسول خدا کی آمد کے بدلے خصوصی شکر بجالانا ہے، میر عبدالغفور لہڑی

### ہمیں حضرت محمد ﷺ کے پیروکار ہونے کے ناطے ان کی تعلیمات پر عمل یقینی بنانا چاہئے جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر پیغام

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر بیان میں کہا ہے کہ ہمیں پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کے پیروکار ہونے کے ناطے اور ان کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ملک صوبے میں امن واستحکام یقینی بنانا چاہئے ملک میں محبت، امن اور ہم آہنگی کی فضاء پیدا کرنے کیلئے محسن انسانیت حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل کی اہمیت واضح کی پیغمبر اسلام ﷺ کی زندگی اپنے اندر اعلیٰ اخلاق کی دنیا لئے ہوئے اس مبارک دن کو منانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہمیں یہ عہد کرنا ہے کہ ہم اپنے کردار اور قول وفعل سے یہ ثابت کریں گے کہ ہم حضرت محمد ﷺ کے امتی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ آج کا دن اللہ تعالیٰ رسول خدا کی آمد کے بدلے میں خصوصی شکر بجالانا ہے حضور ﷺ سے محبت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ کا امتی ہونے کا شرف بخشا اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا، حضور ﷺ سے محبت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے اور کہا کہ آپ ﷺ نے قبائلی عصبیت وقومیت کے بت کو فاش فاش کردیا آپ ﷺ کی اطاعت وفرمانبرداری دونوں جہانوں میں کامیابی کی کنجی ہے۔

Century Express Quetta

## نورخان خلجی کی پی ٹی آئی میں شمولیت خوش آئند ہے، مبین خلجی

### عمران خان کے ویژن کے مطابق انشاء اللہ نیا پاکستان بنائیں گے، صوبائی وزیر معدنیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر معدنیات و معدنی ترقی و پی ٹی آئی صدر ڈسٹرکٹ کوئٹہ مبین خان اور پی ٹی آئی کے صوبائی صدر بلوچستان قاسم خان سوری کی قیادت میں قبائلی وسماجی رہنما نورخان خلجی نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کی۔ صوبائی وزیر وصدر ڈسٹرکٹ کوئٹہ مبین خان نے نورخان خلجی اور ان کے ساتھیوں کو تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کرنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے جلسے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خان صاحب کے ویژن کے مطابق انشاءاللہ نیا پاکستان بنائیں گے۔ اس موقع پر صوبائی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر منیر بلوچ، صوبائی نائب صدر صادق آغا، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ کوئٹہ داؤد پانیزئی، عبدالباری بزنجو، منورہ بلوچ، نائب صدر عالم کاکڑ، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری جمعہ خان خلجی، سردار زین العابدین خلجی، ملک نصیب بنگش، میر علی آغا، اور ڈسٹرکٹ کوئٹہ سے بڑی تعداد میں سینئر رہنما اور کارکنان بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 — Dated: 09 OCT 2022 — Page No. 4

# کراچی کوئٹہ چمن شاہراہ کو دورویہ کرنیکی منظوری

**74 ارب 71 کروڑ لاگت آئیگی**

## 12 ارب 74 کروڑ کی لاگت سے افغان طلباء کیلئے 4500 اسکالرشپس، چشمہ رائٹ بینک کینال منصوبے کی تکمیل کیلئے 189 ارب 60 کروڑ روپے مختص کردیئے گئے

### این ٹی ڈی سی سسٹم میں بہتری شامل، سیلاب کی روک تھام، غربت میں کمی اور سماجی ترقی کیلئے جھل مگسی میں 186 فٹ اونچا، 2996 فٹ طویل ڈیم بنے گا، ایکنک اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار کی زیر صدارت ایگزیکٹو کمیٹی آف دی نیشنل اکنامک کونسل (ایکنک) کے اجلاس میں اربوں کے منصوبوں کی منظوری، تفصیلات کے مطابق اسحاق ڈار کی زیر صدارت ہونیوالے ایکنک اجلاس کا اعلامیہ جاری کردیا گیا جس میں بتایا گیا اجلاس میں سیالکوٹ میں 500 کے وی کا سب سٹیشن بنانے کی منظوری دی گئی، وزارت خزانہ کے مطابق سب سٹیشن کے قیام پر 31 ارب 82 کروڑ لاگت آئے گی جس میں سے 17 ارب 20 کروڑ روپے کی فنڈنگ فرانس کا ترقیاتی ادارہ فراہم کریگا، اجلاس میں این ٹی ڈی سی سسٹم میں بہتری کیلئے 500 اور 220 کے وی کے منصوبے کی منظوری بھی دی گئی، این ٹی ڈی سی سسٹم میں بہتری پر 15 ارب سے زیادہ لاگت آئے گی، منصوبے کیلئے 8 ارب 92 کروڑ روپے ایشین ڈویلپمنٹ بینک فراہم کریگا، وزارت خزانہ کے حکام نے کہا منصوبے سے رحیم یار خان، فیصل آباد، ملتان، شیخوپورہ، داود اور کشمور کے صارفین کو فائدہ ہوگا، بجلی کی طلب پوری ہونے کیساتھ لائن لاسز میں کمی آئے گی، اعلامیے میں بتایا گیا ایکنک اجلاس میں چشمہ رائٹ بینک کینال منصوبے کی تعمیر کی منظوری بھی دی گئی، منصوبے پر 189 ارب 60 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ وفاقی حکومت 65 خیبر پختونخوا حکومت 35 فیصد فنڈ کا انتظام کرے گی، ایکنک اجلاس میں 43 ارب 80 کروڑ لاگت کے نولانگ ملٹی پرپز ڈیم کی بھی منظوری دی گئی، ضلع جھل مگسی میں 186 فٹ اونچا اور 2996 فٹ طویل ڈیم تعمیر کیا جائے گا، منصوبے سے سیلاب کی روک تھام، غربت میں کمی اور سماجی ترقی ہوگی، اجلاس میں ایچ ای سی نے افغان طلباء کیلئے علامہ اقبال سکالرشپ منصوبے کی بھی منظوری دی، افغان طلباء کو 4500 سکالرشپس دی جائیں گی جس پر 12 ارب 70 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی، اعلامیے میں بتایا گیا قومی شاہراہ این 25 کراچی کوئٹہ چمن روڈ کو دورویہ کرنے کا منصوبہ ہے، این 25 کو دورویہ کرنے پر 74 ارب 71 کروڑ روپے لاگت آئے گی، منصوبے کے تحت کراچی تا خضدار سڑک کو دورویہ بنایا جائے گا۔

# بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض پھیلنے کا سلسلہ جاری، 5 بچے جاں بحق

### نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، سبی، کچھی میں ملیریا کے 1968، سانس 730، اسہال 438، ہیضہ کے 498 کیسز رپورٹ

## جلدی امراض 372، ٹائیفائیڈ کے 110، یرقان کے 4 جبکہ بلڈ پریشر، شوگر سمیت دیگر امراض کے 1381 کیسز سامنے آگئے

### جعفر آباد و ضلع نصیرآباد میں ملیریا کی ادویات بھی ناپید ہوچکی، اسپتالوں میں مریضوں کا رش بڑھ جانے سے بیڈ کم پڑ گئے ہیں، ذرائع

کوئٹہ، ڈیرہ اللہ یار (این این آئی، اے این این) جعفر آباد میں سیلاب کے بعد وبائی امراض کے وار جاری اوستہ محمد، گنداخہ اور صحبت پور میں ایک ہی روز دو بھائیوں سمیت پانچ بچے انتقال کر گئے محکمہ صحت اور ملیریا کنٹرول پروگرام کا نجی ادارہ وبائی امراض کی روک تھام......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 9 پر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 9 پر

میں ناکام ہوگئے سرکاری اور نجی اسپتالوں میں رش بڑھ جانے سے مریض فرش پر تڑپنے لگے ہیں رپورٹ کے مطابق جعفرآباد میں حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے بے گھر ہونے والے سیلاب متاثرین حکومت اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث وبائی امراض کا شکار ہوکر جانیں گنوانے لگے ہیں جعفرآباد اور صحبت پور اضلاع سمیت نصیرآباد ڈویژن میں ملیریا گیسٹرو ٹائیفائڈ اور جلدی امراض کی شرح میں بتدریج اضافہ ہوتا جارہا ہے یومیہ سیکڑوں افراد وبائی امراض کا شکار ہوکر اسپتالوں کا رخ کررہے ہیں تاہم سرکاری اسپتالوں میں مناسب علاج معالجہ کی سہولیات نہ ہونے کے باعث سیلاب متاثرین نجی اسپتالوں میں علاج کروانے پر مجبور ہیں اوستہ محمد کی یوسی خیرپور کے گاوں محمد بخش بلیدی میں نیاز احمد جنگ کا چار سالہ بیٹا فیاض اور ایک سالہ ایان علی ملیریا کے باعث ایک ہی روز میں انتقال کرگئے جبکہ علی احمد جنگ کی 9 ماہ کی بیٹی رشیدہ بھی ملیریا کے باعث دم توڑ گئی تحصیل گنداخہ کے گاوں غلام محمد جمالی میں گدا حسین سیریانی کا تین سالہ بیٹا علی بھی ملیریا وبا کے باعث تڑپ تڑپ کر جان کی بازی ہار گیا وہاں صحبت پور کے گوٹھ تیمور فتح کھوسہ میں بزرگ بہادر علی کھوسہ کی جوانسالہ بیٹی آمنہ بھی ملیریا میں مبتلا ہونے سے دم توڑ گئی گلوبل فنڈ سے ملیریا کنٹرول پروگرام چلانے والا نجی ادارہ ولی آر ایس پی اور محکمہ صحت ملیریا سمیت وبائی امراض کی روک تھام میں مکمل طور ناکام ہوچکے ہیں ضلع نصیرآباد میں ملیریا کی ادویات بھی ناپید ہوچکی ہیں سرکاری اسپتالوں میں مریضوں کا رش بڑھ جانے سے بیڈ کم پڑ گئے ڈی ایچ کیو ڈیرہ اللہ یار سمیت بی ایچ یوز اور رورل ہیلتھ سینٹرز میں سیکڑوں مریض فرش پر تڑپتے نظر آتے ہیں۔ دریں اثنا بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے کا سلسلہ جاری مختلف بیماروں کے مزید 5570 کیسز رپورٹ۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، سبی، کچھی میں ملیریا کے 1968، سانس کے امراض کے 730، جلد کے امراض کے 372، اسہال کے 438، ہیضہ کے 498، ٹائیفائیڈ کے 110، آنکھوں کے انفیکشن کے 69، یرقان کے 04 جبکہ بلڈ پریشر، شوگر سمیت دیگر امراض کے 1381 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ صحت کی جانب سے سیلاب متاثرہ علاقوں میں 14 میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن میں 5570 افراد کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مختلف امراض کے 45 ہزار 8 سو 79 کیسز رپورٹ ہوئے۔ دریں اثنا ڈپٹی کمشنر کچھی میر عمران ابراہیم بنگلزئی نے گزشتہ روز کچھی کا گاوں دوسہ لاشاری میں وبائی امراض سے نوجوانوں کی ہلاکت کا نوٹس، تفصیلات کے مطابق کچھی کے گاوں دوسہ لاشاری میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران وبائی امراض ملیریا تا ٹائیفائیڈ سے چار نوجوانوں کی ہلاکت کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ صحت کچھی کے ڈی ایچ او سمیت پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں وبائی بیماریوں کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات کرنے کی ضرورت ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 09 OCT 2022 Page No. 5


# عید میلاد النبیؐ کے جلوس کا سکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا

## شہر کے مختلف مقامات سے نکلنے والے جلوس باچا خان چوک پر اکٹھے ہونگے جہاں سے مرکزی جلوس برآمد ہوگا، شہر میں موبائل سروس مکمل بند رہے گی، ڈی آئی جی

## جلوس کے روٹس کو سیل کرنے کے ساتھ سی سی ٹی وی کیمروں سے بھی نگرانی کی جائیگی، پولیس، ایف سی و دیگر اہلکار تعینات رہیں گے، غلام اظفر مہیسر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر+خ ن) ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں جشن عید میلاد النبی کے جلوس اور دیگر انتظامات کے حوالے سے فول پروف سیکورٹی پلان ترتیب دیدیا گیا ہے۔ کوئٹہ شہر میں موبائل سروس مکمل طور پر بند رہے گی۔ شہر کے تیرہ مقامات سے جلوس نکالے جائیں گے۔ جبکہ تمام جلوس باچا خان چوک پر اکٹھے ہونگے۔ جہاں علماء کرام اسوہ حسنہ پر روشنی ڈالیں گے جس کے بعد مرکزی جلوس برآمد ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عید میلاد النبی کے حوالے سے مرکزی جلوس باچا خان چوک، لیاقت بازار، جنکشن چوک، مسجد روڈ اور اپنے مقررہ راستوں پر نکالا جائے گا، سیکورٹی اور حفاظت کے پیش نظر شہر میں موبائل سروس بند رہیگی اس حوالے سے وزارت داخلہ کو مراسلہ تحریر کیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ نے کہا کہ جلوس کی حفاظت کیلئے پولیس اور ایف سی حکام سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دینگے۔ جلوس کے روٹس کو سیل کرنے کے ساتھ ساتھ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے جلوس کے روٹس کی نگرانی کی جاتی رہے گی۔ شہر میں پولیس ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار شہر میں تعینات ہوں گے جلوس کی ہر قسم کی سیکورٹی کے لئے تمام اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں باچا خان چوک تاک منان چوک اور اطراف کی گلیوں کو علمدار روڈ سے طوغی روڈ اور اندرونی گلیوں کو بند کیا جائے گی جبکہ پولیس کے جوان بھی مذکورہ روٹس پر تعینات رہیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 09 OCT 2022 Page No. 7

## واک واختیار کی جدوجہد میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، پشتونخوامیپ

**سیلاب زدگان کی بحالی اور تمام نقصانات کے ازالے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں، جلسہ عام کی قرارداد یں**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 17 اکتوبر 1983 کے شہدا جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدا وطن کی برسیوں کے موقع پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد کیا گیا جس کی صدارت پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کی۔ جلسے میں مختلف قراردادیں پارٹی کے صوبائی سیکرٹری ورکن صوبائی نصراللہ خان زیرے نے پیش کیں اور جلسے میں شریک کارکنوں اور عوام نے اس کی منظوری لی گئی۔ قراردادیں درج ذیل ہیں۔ آج کا یہ عظیم الشان جلسہ عام جنرل ضیاء الحق کی آمریت کیخلاف نکالے گئے احتجاجی جلوس جس کی قیادت پارٹی کے محبوب قائد محترم محمود خان اچکزئی کررہے تھے اس پر اس وقت کے آمرانہ حکومت کی جانب سے ناروا فائرنگ اور اس کے نتیجے میں اسلم اولس یار شہید، کاکا محمود شہید، رمضان شہید اور داؤد شہید ہوئے ان عظیم شہدا کو ان کی 39 برسی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ قومی نجات اور جمہوری واک واختیار اور ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی کی جدوجہد جاری رکھتے ہوئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔ آج کا یہ عظیم الشان جلسہ عام بوستان زرعی کالج کے بنانے کیخلاف بلاجواز مخالفت اور صوبے کے مخصوص تنگ نظر اور قبضہ گروں کی جانب سے ہڑتال مسلط کرتے اور پارٹی دفتر پر حملے اور اس کے نتیجے میں 11 اکتوبر 1991 کے شہدا وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، حبیب الرحمن شہید، باز محمد باز اور صاحب خان شہید کو ان کی 31 ویں شہادت کی برسی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ پشتونخوا وطن کے عوام کے ملی مفادات کو حاصل کرنے اور ان کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرین گے۔ آج ج کا یہ عظیم الشان جلسہ عام ملک اور صوبے میں اس سال طوفانی بارشوں اور سیلابوں کے نتیجے میں تمام ملک اور بالخصوص پشتون بلوچ صوبے کے عوام کے بدترین نقصانات، انسانی جانوں کے ضیاع، فصلات وباغات کی تباہی، گھروں کے منہدم ہونے اور مال مویشیوں کی ہلاکتوں کے باعث عوام کی بہت بڑی اکثریت کو ناقابل بیان نقصانات سے دوچار ہونا پڑا جبکہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مسلسل پیشنگوئیوں کے باوجود اس بدترین صورتحال کی روک تھام نہ کرنے، بروقت منصوبہ بندی اور پلان نہ بنانے پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کرتا ہے کہ فوری طور پر تمام ملک اور بالخصوص اس دوقومی صوبے میں عوام کی بحالی اور تمام نقصانات کے ازالے کیلئے فوری اقدامات کریں۔ آج کا یہ عظیم الشان جلسہ عام یکم اکتوبر کو کوئٹہ یونیورسٹی کے طلباء اور طالبات پر ایف سی اور پولیس کی جانب سے پرامن طلباء پر بلاجواز شیلنگ اور لاٹھی چارج کرنے، انہیں زخمی کرنے اور طلباء کو گرفتار کرنے کی شدید مذمت اور مطالبہ کرتا ہے کہ صوبے کہ غریب عوام کی بدحالی، بیروزگاری، بھوک وافلاس، غربت کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئٹہ یونیورسٹی میں داخلوں کے پرانے طریقہ کار کو بحال کرتے ہوئے طلباء وطالبات کے تمام مطالبات کو تسلیم کیا جائے اور صوبائی حکومت پر زور دیتا ہے کہ کوئٹہ یونیورسٹی جو غریب طلباء وطالبات کی تعلیم حاصل کرنے کی واحد مادر علمی ہے کی مالی اور انتظامی مشکلات کو حل کرنے میں تعاون کرتے ہوئے ان کی گرانٹ میں ہنگامی بنیادوں پر اضافہ کیا جائے۔

Century Express Quetta

## بی این پی کے تحت شہدائے عالمو چوک کی برسی پر کل جلسہ ہوگا

**کوئٹہ کے تمام یونٹس جلوسوں کی شکل میں جلسے میں شرکت کریں، مرکزی اعلامیہ**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق بی این پی اور بی ایس او کوئٹہ کے زیر اہتمام شہدائے عالمو چوک کی برسی کے مناسبت سے بروز سوموار 10 اکتوبر سہ پہر 2:30 بجے کلی اسماعیل بالمقابل صدر پولیس تھانہ کے مقام پر تعزیتی جلسہ (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

منعقد ہوگا جسمیں عالمو چوک پر شہید ہونے والے بلوچ فرزندوں شہید عید محمد لانگو، شہید جان محمد مری، اور شہید نیاز محمد مینگل کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا تعزیتی جلسے سے بی این پی اور بی ایس او کے مرکزی وضلعی قائدین خطاب کرینگے بیان میں بلوچستان کے غیور، باشعور، قوم وطن دوست اور ترقی پسند عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ اس تعزیتی جلسے میں بھرپور شرکت کرکے ان شہداء کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں۔ بیان میں بی این پی، بی ایس او کوئٹہ کے یونٹ سیکرٹریز، ڈپٹی سیکرٹریز، ضلعی کونسلران اور پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے یونٹوں سے ٹولیوں کی صورت میں پارٹی جھنڈوں کیساتھ وقت مقرر پر شرکت کو یقینی بنائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 09 OCT 2022 Page No. 8

## بیلہ: چوروں نے موبائل کی دکان کا صفایا کر دیا

بیلہ (نامہ نگار) لقمان روڈ پر نامعلوم افراد نے موبائل کی دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔

## سریاب روڈ پر گوہر میدانی میں ایف سی چیک پوسٹ پر دستی بم سے حملہ، چار راہگیر زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ گوہر میدانی میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا ایف سی چیک پوسٹ پر دستی بم حملے کی کوشش میں چار راہگیر زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق سریاب کے علاقے گوہر میدانی میں ریلوے ٹریک کے قریب واقعہ ایف سی کی چیک پوسٹ پر گزشتہ شب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینکا جو سڑک کنارے گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں چار راہگیر خیر محمد گل خان صدر الدین اور زین الدین زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جبکہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

## برنائی سے لیویز کو مطلوب ملزم گرفتار

برنائی (نامہ نگار) برنائی لیویز نے شاہرگ اور خوست لیویز تھانوں میں ٹرکوں پر فائرنگ کوئلے سے لوڈ ٹرکوں کو خالی کرنے سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب ملزم عبداللہ ناصر کو گرفتار کر کے لیویز ہیڈ کوارٹر منتقل کر دیا گیا کارروائی ڈی سی برنائی کو ملنے والی خفیہ اطلاع پر کی گئی۔

## رمضان قتل کیس، 14 ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر گڈانی جیل منتقل کرنے کا حکم

بیلہ (نامہ نگار) رمضان قتل کیس کے چودہ ملزمان کو جسمانی ریمانڈ کی مدت ختم ہونے پر پولیس نے جوڈیشل مجسٹریٹ بیلہ ناظمہ مبین کی عدالت میں پیش کیا عدالت نے ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر سنٹرل جیل گڈانی منتقل کرنے کا حکم دے دیا ہے۔

## لورالائی، لیویز رسالدار کے 8 قاتلوں میں سے 5 گرفتار کر لیے گئے

لورالائی (نامہ نگار) ڈی سی ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی کی خصوصی ہدایت، اے سی جمیل بلوچ کی زیر نگرانی لیویز نے مکھتر کے پہاڑی علاقے میں چھاپے کے دوران شہید رسالدار حاجی خیر الدین حمزہ زئی کے قتل میں مطلوب 8 قاتلوں میں سے 5 قاتلوں نصر اللہ ولد عبدالرحمن، گوہر ولد عبدالرحمن، صدر ولد عبدالمالک، منیر ولد عبدالمالک اور شیر علی ولد غلام نبی کو گرفتار کر لیا جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## شیرانی: اراضی کے تنازع پر فائرنگ کے تبادلے میں 6 افراد زخمی

شیرانی (نامہ نگار) یونین کونسل کیپ میں اراضی کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے میں چھ افراد زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اسسٹنٹ کمشنر شیخ عصمت اللہ اور رسالدار میجر شیر زمان شیرانی نے موقع پر پہنچ کر فریقین میں جنگ بندی کرائی۔

MASHRIQ QUETTA

# کوئٹہ سریاب روڈ پر دھماکہ 4 افراد زخمی مشیر داخلہ کا نوٹس، رپورٹ طلب

زخمیوں خیر محمد ولد محمد حسن، گل خان ولد باز محمد، صدر الدین ولد محمد عمر اور زین الدین ولد مرزا خان کو سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا گیا

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے دھماکے سے متعلق تحقیقات شروع کر دی ہے، ذرائع

چند دشمن عناصر ایسے بزدلانہ حملے کر کے بلوچستان کے امن و خوشحالی کو سبوتاژ نہیں کر سکتے، صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سریاب میں نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے دستی بم حملے کے نتیجے میں 4 افراد زخمی ہو گئے دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس بم ڈسپوزل ٹیم اور ایف ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 9 پر

سے ہوا واقع کی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ تمام پہلوؤں سے جائزہ لے کر پولیس رپورٹ پیش کرے گی چند عناصر ایسے بزدلانہ حملے کر کے بلوچستان کے امن و خوشحالی کو سبوتاژ نہیں کر سکتے فورسز نے قربانیاں دے کر دشمنوں کے عزائم کو ناکام بنایا ہے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئیں۔

سی کا عملہ موقع پر پہنچ گیا مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنائے گی تفصیلات کے مطابق ہفتے کی شب سریاب کے علاقے میں نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے دستی بم سیکورٹی فورسز کے قریب پھینکا گیا جو روڈ کے قریب گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 4 افراد خیر محمد، گل خان، صلاح الدین اور زین دین زخمی ہو گئے دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فرنٹیئر کور اور بم ڈسپوزل کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کر دیا دھماکہ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کے قریب پھینکے جانے والے دستی بم

## واشک میں فائرنگ 2 افراد قتل، جنگل پیر علی زئی سے خاتون کی نعش برآمد

شیرانی میں زمین کے تنازعے پر دو گروپوں میں فائرنگ، چھ زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (آن لائن، این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علی زئی سے خاتون کی لاش برآمد کر لی گئی ہے۔ لیویز حکام کے مطابق گزشتہ روز قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علیزئی سے خاتون کی لاش برآمد کر لی گئی خاتون نشے کی عادی معلوم ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 9 پر

ہوتی ہے جو گزشتہ رات سرد موسم کی وجہ سے جان بحق ہوئی، جاں بحق خاتون کی شناخت نہیں ہو سکی، لاش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ شناخت نہ ہونے پر سول ہسپتال کوئٹہ کے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا ہے۔ واشک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع واشک کے گرائی سے ناگ آتے ہوئے نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے جاں بحق افراد میں سیف اللہ ولد ثناء اللہ ساکن تسپ پنجگور اور طارق اقبال ساکن ترمیب ضلع واشک شامل ہیں۔ ناگ لیویز نے لاشوں کو آر ایچ سی ہسپتال ناگ منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی جاری ہے

## سریاب روڈ کے رہائشیوں نے چور کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا

علاقے میں گشت بڑھایا اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی جائے، علاقہ مکین

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ کے رہائشیوں نے اپنی مدد آپ کے تحت چور کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ کے رہائشیوں نے اپنی مدد آپ کے تحت چوری کرتے ہوئے چور کو پکڑ کر پولیس کے حوالے ...... بقیہ نمبر 6 صفحہ 10 پر

کر دیا۔ سریاب روڈ کے رہائشی منیر احمد، ظفر اور علاقے مکینوں نے کہا ہے کہ سریاب روڈ پر چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کو اضافہ ہو رہا ہے آئے روز شہریوں کو لوٹا جا رہا ہے۔ ہمارا آئی جی پولیس بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں پولیس کی گشت بڑھائی جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6

Dated: 09 OCT 2022 Page No. 11


## سیاسی بے چینی اور معاشی مسائل، عوام کی خبر لیں!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں ان دنوں حکومت اور اپوزیشن کی جاری مخاصمت پر تجزیوں تبصروں کا بازار گرم ہے اتحادی حکومت کے خلاف پاکستان تحریک انصاف پچھلے کئی ہفتوں سے لانگ مارچ اپر نکلنے اور تحریک شروع کرنے کا عندیہ دے رہی ہے پی ٹی آئی چیئرمین ہر دوسرے تیسرے دن کسی جلسے جلوس سے خطاب، کسی تقریب میں اظہار خیال یا میڈیا کے نمائندوں ے بات چیت کرتے ہوئے حکومت کو شدید ترین تنقید کا نشانہ بناتے ہیں اور یہ عندیہ دے دیتے ہیں کہ وہ کسی بھی وقت کارکنوں کو نکلنے کی کال دے سکتے ہیں اس کے جواب میں حکومتی اتحاد میں شامل جماعتیں، وفاقی وزراء حتیٰ کہ خود وزیراعظم شہباز شریف متعدد بار یہ کہہ چکے ہیں کہ پی ٹی آئی کی ممکنہ تحریک اور لانگ مارچ اگر پرامن رہتا ہے تو کسی کو کچھ نہیں کہا جائے گا لیکن کسی نے فساد یا بدامنی پھیلانے کی کوشش کی تو قانون حرکت میں آئے گا وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ بار بار پی ٹی آئی کو تنبیہ اور خبرداری دیتے نظر آتے ہیں کہ لانگ مارچ کو اسلام آباد آنے ہی نہیں دیا جائے گا حالیہ چند دنوں کے دوران ملکی سیاسی منظر نامے پر غیر معمولی بے چینی اور افراتفری واضح طور پر محسوس کی جا سکتی ہے ایک طرف سیاسی عدم استحکام ہے تو دوسری جانب معیشت کی صورت احوال بھی اطمینان بخش نہیں موجودہ حکومت نے آتے ساتھ جو وعدے کئے تھے وہ پورے نہیں ہو پا رہے معیشت کی بحالی و استحکام اس حکومت کا اولین ہدف تھا ہر چند کہ اس حوالے سے خاطر خواہ کام بھی ہوا ہے لیکن صورتحال بدستور اطمینان بخش نہیں۔ مہنگائی کا دور دورہ ہے ملک میں پہلے سے موجود مہنگائی میں مزید بڑھوتری اور اضافے کا جو خدشہ ظاہر کیا جا رہا تھا بدقسمتی سے وہ خدشہ درست ثابت ہوا ہے پی ٹی آئی حکومت سے بھی عوام کو یہی گلہ تھا کہ معیشت بہتر نہیں ہوئی اور مہنگائی مسلسل بڑھتی چلی جا رہی ہے موجودہ حکومت کے آنے سے عوام پرامید تھے لیکن مقام افسوس ہے کہ اس حکومت کے دور میں بھی مہنگائی کا جن قابو میں نہیں آ رہا ہر چند کہ پچھلے ہفتے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پندرہ روز کے لئے کمی کی گئی لیکن مجموعی طور پر پچھلے چند مہینوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے جبکہ مختلف اجناس اور اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں خود ادارہ شماریات مہنگائی کی جو ہفتہ وار رپورٹس جاری کرتا ہے اس میں مہنگائی بڑھنے کا اعتراف موجود ہوتا ہے ہمیں اندازہ ہے اور یہ بات عین حقیقت بھی ہے کہ مہنگائی کی کوئی ایک وجہ نہیں اور نہ ہی کوئی بھی حکومت اپنے عوام پر جان بوجھ کر مہنگائی اور دیگر مسائل مسلط کرتی ہے یقیناً چیزیں مہنگی ہو رہی ہیں تو اس کے پیچھے مختلف وجوہات اور محرکات کارفرما ہوں گے جن سے کسی کو انکار نہیں لیکن یہ بھی عین حقیقت ہے کہ پہلے سے مہنگائی اور گرانفروشی کی دو پاٹی چکی میں پسنے والے عوام بالخصوص غریب اور متوسط طبقات کی مشکلات از حد تک بڑھ چکی ہیں ان طبقات کی ریلیف اور آسانی کے لئے بھی حکومت ہی نے اقدامات اٹھانے ہیں وزیراعظم شہباز شریف نے آتے ساتھ ہی اس حوالے سے دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا تھا انہوں نے توانائی بحران اور دیگر مسائل سے نمٹنے کے لئے ہر ممکن حد تک جانے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا بارہا اعادہ کیا اس دوران آئی ایم ایف سے التواء کا شکار مذاکراتی عمل دوبارہ شروع ہوا اور آئی ایم ایف پروگرام بھی بحال ہو گیا لیکن سیلاب نے آ لیا بلوچستان سمیت ملک بھر میں سیلاب نے تباہی مچا دی اب ہمیں اچھی طرح اندازہ اور فہم وادراک ہے کہ حکومت نے سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے عمل کو بھی دیکھنا ہے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو کو بھی یقینی بنانا ہے اور تباہ شدہ انفراسٹرکچر کو بھی دوبارہ بحال کرنا ہے معیشت کو مستحکم کرنا ہے اور کئے گئے وعدوں کی پاسداری کرتے ہوئے عام آدمی کی ریلیف کو یقینی بنانا ہے لیکن سیاسی عدم استحکام اور دیگر وجوہات کی بناء پر حکومت خود ایک مشکل صورتحال سے دوچار ہو چکی ہے مہنگائی نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے عام آدمی کے مسائل کو سنجیدگی سے دیکھا جائے سیاسی لڑائی لڑنے والے عوامی مسائل سے پہلو تہی نہ کریں۔ سب سے بڑا مسئلہ اس وقت مہنگائی ہے خدارا مہنگائی کے اژدھے سے عام آدمی کو نجات دلائی جائے